http://www.howtoexam.com

Con.47-07. JL-685

(3 Hours) [Total Marks : 100

ہدایت : ہر جواب سے پہلے متعلقہ سوال ضرور نقل کیجیے۔

۱. " نظم کا دائرہ بہت وسیع ہے۔ شاعری کی ہر وہ قسم جس میں تسلسل کے ساتھ کچھ بیان کیا جاتا ہے۔ نظم کہلاتی ہے"۔ ۲۰
قولِ بالا کے تحت نظم نگاری کے فن پر روشنی ڈالیے۔

یا

اردو نظم کے سرمایے کا جائزہ لیجیے۔

۲. " مجاز کی عشقیہ شاعری میں بڑی تب و تاب اور توانائی ہے"۔ ۲۰
مجاز کی نظموں کے حوالے سے واضح کیجیے۔

یا

درج ذیل سے کسی ایک نظم کے شعری محاسن سے بحث کیجیے
(۱) خانہ بدوش (۲) نوجوان سے (۳) سرمایہ داری

۳. " اردو شاعری میں غزل کے سوا بھی بہت کچھ ہے۔ مگر جو قبولِ عام غزل کو حاصل ہوا کسی اور صنف کو نصیب نہ ہو سکا"۔ ۲۰
قولِ بالا کی روشنی میں غزل کی خصوصیات واضح کیجیے۔

یا

اردو غزل کے ارتقاء پر سیر حاصل تبصرہ کیجیے۔

۴. " ذوق اپنے عہد کی قدیمانہ فضا، کلاسیکی طرزِ فکر اور ماضی سے وابستہ تہذیبی اقدار کے نمایندہ شاعر ہیں"۔ تفصیل سے لکھیے۔ ۲۰

یا

ذوق کی غزل گوئی کی خصوصیات واضح کیجیے۔

۵. (الف) درج ذیل سے صرف دو بند کی وضاحت کیجیے۔ ۱۰

(۱) ہنسنا رونا اس کا مذہب
اس کو پوجا سے کیا مطلب

[TURN OVER

Find information about best Medical, Engineering, and Management colleges

http://www.howtoexam.com

خود تو آئی ہے سمندر میں
من اس کا ہے گڑیا گھر میں

(۲) اُفق پر زندگی کے لشکر ظلمت کا ڈیرا ہے
حوادث کے قیامت خیز طوفانوں نے گھیرا ہے
جہاں تک دیکھ سکتا ہوں اندھیرا ہی اندھیرا ہے
مگر میں اپنی منزل کی طرف بڑھتا ہی جاتا ہوں۔

(۳) وفا خود کی ہے اور میری وفا کو آزمایا ہے
مجھے چاہا ہے مجھ کو اپنی آنکھوں پر بٹھایا ہے
مرا ہر شعر تنہائی میں اس نے گنگنایا ہے
سُنی ہے میں نے اکثر چھپ کے نغمہ خوانیاں اس کی

(ب) مندرجہ ذیل سے صرف پانچ اشعار کی تشریح کیجیے۔ ۱۰

(۱) مذکور تری بزم میں کس کا نہیں آتا پر ذکر ہمارا نہیں آتا، نہیں آتا

(۲) جو داغِ معاصی ہے مرے دامنِ تر میں
جوں حرفِ سرِ کاغذِ نم اٹھ نہیں سکتا

(۳) برہم کیا اُس شوخ کو، کیوں چھیڑ کے پر زلف
اے دل، وہ ابھی چیں بہ جبیں ہو ہی چکا تھا

(۴) بند آنکھیں کیے جاتا ہے کدھر تو کہ تجھے
ہے ترا نقشِ قدم چشم نمائی کرتا

(۵) دل گرفتوں کی اگر خاک چمن میں ہوتی
تو جہاں غنچہ ہے گلشن میں، وہاں دل ہوتا

(۶) پڑھتا نہیں خط غیر مرا واں کسی عنواں
جب تک کہ وہ مضموں میں تصرف نہیں کرتا

(۷) مقدر ہی یہ گر سود و زیاں ہے
تو ہم نے کچھ یہاں کھویا نہ پایا

(۸) نہ پکڑیں دامن ایسا ہی گرداب بلا میں ہم
کہ بدتر ڈوب کر مرنے سے ہے جینا سہارے کا

Find information about best Medical, Engineering, and Management colleges